ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

محکمہ پولیس سندھ کو اپ گریڈیشن مبارک ہو۔ آئی جی سندھ

کراچی04جولائی2022؛۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے اپنے خصوصی بیان میں محکمہ پولیس سندھ میں اپ گریڈیشن پر پولیس کانسٹیبلز،ہیڈ کانسٹیبلز اور اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کو مبارکباد پیش کی ہے اور حکومت سندھ کے لیئے اپنی اور پوری سندھ پولیس کی جانب سے نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اعلامیئے کے باقاعدہ اجراء اور توثیقی اقدامات کے حوالے سے سندھ پولیس کے ملازمین نا صرف منتظر تھے بلکہ یہ انکی دیرینہ خواہش بھی تھی۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ پولیس اپ گریڈیشن اقدامات سے پولیس جرائم کے خلاف مذید پرعزم ہوتے ہوئے انتہائی دلیرانہ اور منظم ایکشن کو مذید تقویت دیگی اور ایسے عناصر اور انکے گروہوں کی بیخ کنی کو یقینی بنائیگی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-